DIRECTORATE OF EDUCATION GNCT OF DELHI

MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION 2025-26

CLASS - VIII

SUBJECT - URDU-III

Time : $2\frac{1}{2}$ Hrs

MM: 60

عام ہدایات

1۔ اِس سوال نامے میں کل 10 سوالات ہیں

2۔ سبھی سوالات لازمی ہیں

3۔ جواب تحریر کرتے وقت اُس کے سوال کا نمبر ضرور درج کریں۔

4۔ جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

سوال 1۔ درج ذیل نثر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس کے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 5X1=5

ایک دن مغل شہزادے مرزا جہانگیر نے ایک انگریز پر گولی چلا دی سزا کے طور پر انگریزوں نے شہزادے کو الہ آباد میں قید کر دیا۔ بے چارہ بادشاہ کچھ بھی نہ کر سکا۔ یہ زمانہ اُنیسویں صدی کے شروع کا تھا۔ اُس وقت اکبر شاہ ثانی حکمراں تھے جب مرزا جہانگیر قید سے رہا ہو کر دہلی آئے تو اُن کی والدہ نے بڑی دھوم دھام سے مہرولی میں مشہور بزرگ خواجہ بختیار کاکیؒ کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔ شہر کے پھول والوں

نے جو سبزی چادر بنائی تھی اُس میں پھولوں کا پنکھا لٹکا دیا۔
خوشی کے اِس موقعے پر مہرولی میں ایک میلہ سا لگ گیا۔ بادشاہ کو
یہ میلہ بہت پسند آیا اور تبھی سے ہر سال بھادوں کے شروع
میں مہرولی کی درگاہ اور جوگ مایا کے مندر میں پھولوں کے
پنکھے چڑھائے جانے لگے۔

(i) انگریز پر گولی کس نے چلائی؟
(A) مرزا غالب (B) مرزا جہانگیر (C) مرزا عالمگیر (D) مرزا نورالدین

(ii) انگریزوں نے شہزادے کو کہاں قید کیا تھا؟
(A) دہلی (B) آگرہ (C) لکھنؤ (D) الہ آباد

(iii) جہانگیر کی والدہ نے کس کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی؟
(A) خواجہ بختیار کاکیؒ (B) حضرت نظام الدین اولیا
(C) حضرت خواجہ معین الدین (D) شیخ عبدالقادر جیلانی

(iv) خوشی کے موقع پر کہاں میلہ سا لگتا تھا؟
(A) پرانی دہلی (B) جنک پوری (C) اوکھلا (D) مہرولی

(v) ہر سال کون سے مہینے میں درگاہ پر پھولوں کے پنکھے چڑھائے جانے لگے؟
(A) ساون (B) بھادوں (C) چیتر (D) اساڑھ

سوال ۲۔ درج ذیل نثر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اُس کے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے 5X1=5

پہاڑوں کا منظر ہنوں کا سماں　　ہیں اُن میں ہزاروں ہی چشمے رواں
کہاں تک بیاں اُس کی ہوں خوبیاں　　ہے فردوس کا اس چمن پر گماں

یہ باغ ارم ہے یا باغ عدن ہے
یہ میرا وطن ہے میرا وطن

(i) ہزاروں چشمے کہاں رواں ہیں ؟

(A) پہاڑوں میں (B) کھیتوں میں (C) جنگلوں میں (D) گاؤں میں

(ii) اس چمن پر کس کا گماں ہے ؟

(A) بیابان کا (B) جنگل کا (C) فردوس کا (D) صحرا کا

(iii) شاعر نے کس کو باغ ارم کہا ہے ؟

(A) چین کو (B) روس کو (C) امریکہ کو (D) ہندوستان کو

(iv) لفظ "فردوس" کے معنی بتائیے ؟

(A) جنت (B) جنگل (C) جہنم (D) جنت کا باغ

(v) مصرع مکمل کیجیے۔

کہاں تک بیاں اُس کی ہوں ________

(A) خامیاں (B) گماں (C) خوبیاں (D) رواں

سوال 3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور 5X1=5
اُس کے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے

برسوں کے تکلیف دہ سفر کے بعد گارو قبیلہ آسام کے میدانی جنگلوں میں آ پہنچا کہا جاتا ہے کہ ان کا پہلا پڑاو کوچ وہار کے جنگل میں پڑا۔ اُس زمانے میں کوچ وہار پر آسام کے راجا کا قبضہ تھا۔ اُس نے گارو قبیلے کو آگے بڑھنے سے روک دیا۔ گارو قبیلہ پہلے سے ہی امن پسند تھا۔ اُس نے لڑائی کا راستہ نہیں اپنایا۔ جلن پا اور سنگی پا نے آسام کے راجا سے بات چیت کر کے انھیں سمجھایا اور راجا انھیں راستہ دینے کے لیے راضی ہو گیا۔ اُس کی شادی ایک گارو لڑکی سے کروا دی گئی اور اِس طرح ماحول خوشگوار ہو گیا۔ کچھ لوگوں کی رائے ہے کہ یہ واقعہ پہلی صدی قبل مسیح کا ہے۔

(i) گارو قبیلے کا پہلا پڑاو کس کے جنگل میں پڑا؟
(A) سونیا وہار (B) کوچ وہار (C) کنج وہار (D) آنند وہار

(ii) راجا گارو قبیلے کے لوگوں کو کیا دینے کے لیے راضی ہو گیا؟
(A) راستہ (B) پیسہ (C) مشورہ (D) قیمتی سامان

(iii) کوچ وہار پر کہاں کے راجا کا قبضہ تھا؟
(A) میگھالیہ (B) منی پور (C) سکم (D) آسام

(iv) گارو قبیلے کے لوگ کیسے تھے؟
(A) امن پسند (B) جھگڑالو (C) ڈرپوک (D) سست

(۷) درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(A) لوک گیت (B) مرثیہ نامہ (C) گارو (D) وہ صبح کبھی تو آئے گی

سوال 4۔ درج ذیل شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے 5X1=5

امرودوں پر لدے پڑے ہیں
گدرائے پھل پکتے مہر سے
جب موقع دعوت دیتا ہو
بندہ کیوں کمانے سے ترسے

کیا کہتے ہو بھائی جان!

املی کی نیچی ڈالی پر
جھول رہے ہیں پانچ کتارے
خربوزوں کی میٹھی خوشبو
پہنچ رہی ہے آرے آرے

کیا کہتے ہو بھائی جان!

(i) املی کی نیچی ڈالی پر کتنی کتارے جھول رہے ہیں ؟

(A) نو (B) آٹھ (C) پانچ (D) چھ

(ii) کس پھل کی میٹھی خوشبو آ رہی ہے ؟

(A) آم (B) خربوزہ (C) سیب (D) تربوزہ

(iii) درج ذیل شعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) جگنو (B) صبر کا پھل (C) عورتوں کا درجہ (D) ابرِ بہار

(iv) ہفتے بھر سے گدرائے پھل کس پیر لدے پڑے ہیں؟

(A) آموں پر (B) سیبوں پر (C) خربوزوں پر (D) امرودوں پر

(v) جب موقع دعوت دے تو کیا کرنا چاہیے؟

(A) کمانا چاہیے (B) سونا چاہیے (C) پڑھنا چاہیے (D) کھیلنا چاہیے۔

سوال 5۔ نیچے دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے 5

(i) موسم برسات (ii) میرا ملک ہندوستان (iii) یوم آزادی

سوال 6۔ اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام دوست کی شادی میں شرکت کے لئے دو دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 5

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دیجیے۔

سوال 7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5×2=10

(i) درج ذیل الفاظ میں سے صرف چار کے جمع سے واحد بتائیے
شہزادیاں ، گاڑیاں ، شادیاں ، لڑکیاں ، آبادیاں ، چوڑیاں

(ii) لفظ "باأثر" کیا ہے (سابقہ/صفت)

(iii) درج ذیل محاوروں میں سے صرف دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

چار چاند لگنا ، موتی لٹانا ، نو دو گیارہ ہونا ، لوہے کے چنے چبانا

(iii) وہ الفاظ جو معنی میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوں انھیں ______ کہا جاتا ہے۔ (متضاد الفاظ/ مترادف الفاظ)

(iv) دیے گئے جملے میں فعل کی نشان دہی کیجیے۔
"کل ہم پکنک پر جائیں گے"

(v) درج ذیل الفاظ میں سے صرف چار مذکر کے مونث بتائیے
گھوڑا ، بیٹا ، پھوپھا ، شہزادہ ، لڑکا ، چاچا

سوال 8۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3X3=9

(i) سنبل شمسی نے کن فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے؟

(ii) دلی والے مرچوں کا استعمال کس کس طرح کرتے تھے؟

(iii) سلمیٰ کی امی کس بات پر اس سے ناراض ہوتی تھیں؟

(iv) لال مرچ کے کیا کیا نقصانات ہیں ؟

(v) سبا لکشمی نے کون سی نئی روایت قایم کی ؟

سوال ۹۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 3X2=6

(i) دُنیا کی زینت کس کے دم سے ہے ؟

(ii) جگنو کس موسم میں دکھائی دیتے ہیں ؟

(iii) چھوٹے تالاب کے اندر کیا ہے ؟

(iv) باغ میں کون جاگ رہا تھا ؟

سوال ۱۰۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں سے پہلے صفت لگائیے 5X1=5

مثال۔ ہری مرچ

(i) ______ قلعہ

(ii) ______ لباس

(iii) ______ سائن

(iv) ______ رنگ

(v) ______ روٹی